الیکشن کمیشن آف پاکستان

(Media Coordination and Outrcach Wing)

# پریس ریلیز

مورخہ 13 جنوری 2022

آج الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کی سربراہی میں ہوا۔ جس میں ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ سیکرٹری الیکشن کمیشن ودیگر سنیئر افسران نے شرکت کی۔

اجلاس میں الیکٹرانک ووٹنگ مشین اور اوورسیز ووٹنگ کے حوالے سے بنائی گئی تین کمیٹیوں نے اپنی رپورٹس الیکشن کمیشن میں پیش کیں اور سیکرٹری الیکشن کمیشن نے اس بارے میں الیکشن کمیشن کو بریف کیا۔ الیکشن کمیشن کو ای وی ایم کی خریداری سے لے کر استعمال تک کے تمام مراحل Roadmap اور Plan of Action پر بریفنگ دی گئی۔ مزید الیکشن کمیشن کو بتایا گیا کہ پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے قیام کی منظوری ہو گئی ہے اور اس سلسلے میں تین افسروں کی خدمات حاصل کی جارہی ہیں۔ جس پر الیکشن کمیشن نے رپورٹ پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اور فیصلہ کیا کہ پائلٹ پراجیکٹ کے لئے مشینوں کی خریداری کے لئے RFP اور ٹینڈرنگ پراسس کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور الیکٹرانک ووٹنگ مشین کی خریداری سے متعلق تمام قواعد وضوابط وقوانین کو مد نظر رکھا جائے اور تمام پراسس و مراحل کو مد نظر رکھتے ہوئے مشین کی کوالٹی، Secrecy and Security کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے یہ عمل مکمل کیا جائے۔ مزید اس سلسلے میں الیکشن کمیشن نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ اس سلسلے میں تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت Stakcholder Consultations کا عمل شروع کیا جائے۔ اور انہیں اعتماد میں لیا جائے۔ مزید مشینوں کی پائلٹ ٹیسٹنگ بھی کی جائے گی۔ اوورسیز ووٹنگ کے حوالے سے کمیٹی نے الیکشن کمیشن کو مزید قانون سازی کی ضرورت کے ساتھ چار تجاویز پیش کیں جن میں

1- Internet Voting

2- Postal Voting

Scanned with CamScanner

On Line Voting in Embassy.3

Electronic Postal Ballot Voting.4

اس کے علاوہ اوورسیز پاکستانیوں کے لئے علیحدہ الیکٹورل کالج اور Reserved Seats کی تجویز بھی شامل ہیں۔

الیکشن کمیشن کو بتایا گیا کہ الیکٹرانک ووٹنگ مشین کی خریداری کے مختلف مراحل اور اس پر آنے والے اخراجات سے متعلق تقریباً مبلغ 258 ارب روپے ہے مزید انکی سٹوریج اور انتخابات کے دوران ( Maintenance and Configuration) اور پولنگ سٹیشنوں پر ترسیل کے حوالے سے مشکلات اور مراحل پر بریفنگ دی گئی۔ مزید الیکشن کمیشن کو الیکٹرانک ووٹنگ مشین کے استعمال سے متعلق مزید قانون سازی کی ضرورت پر بھی بریف کیا گیا۔

Scanned with CamScanner